**24.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

.................................

☆ اسرو نے گگن یان انسان بردار خلائی پرواز مشن کے عملے کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کیلئے پہلا مربوط ایئر ڈروپ ٹیسٹ کامیابی سے مکمل کرلیا ہے۔

☆ ڈی آر ڈی او نے خلائی خطروں کا موثر طور پر پتہ لگانے کیلئے مربوط فضائی دفاعی ہتھیار نظام کی پہلی کامیاب آزمائش کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ بھارت کے پاس ایک ایسے وقت میں صحیح معنوں میں خود کفیل بننے کا ایک بڑا موقع ہے جبکہ دنیا غیریقینی کی صورتحال سے دوچار ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ کا کہنا ہے کہ جمہوریت اُس وقت ترقی کرتی ہے جب قانون ساز دانائی، غور وخوض اور قانونی سازی کے بنیادی منتر کی پاسداری کرتے ہیں۔

☆ خوراک کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کا کہنا ہے کہ پنجاب کے ایک کروڑ سے زیادہ مستفیدین مفت اناج حاصل کرتے رہیں گے۔ انھوں نے اس سلسلے میں پنجاب سرکار کے الزامات کو مسترد کردیا۔

☆ اور کھیلوں میں ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے قزاخستان میں ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں پچاس میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

.................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## ISRO Test

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو نے گگن یان مشنز کے لیے شروع سے آخر تک پیراشوٹ پر مبنی رفتار کی کمی کے نظام کے عملی مظاہرے کے لیے پہلا مربوط ایئر ڈراپ ٹیسٹ کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔

یہ پیراشوٹ سسٹم کی توثیق کرنے کے لیے ایک اہم مشق تھی جو مشن کے تحت خلابازوں کو اس کے اسپیس پورٹ سے بحفاظت واپس لائے گی۔ یہ تجربہ، اسرو، بھارتی فضائیہ، دفاعی تحقیق و ترقی کے بھارتی ادارے DRDO، بھارتی بحریہ اور بھارتی ساحلی محافظ دستے کی مشترکہ کوشش سے کیا گیا۔

اِس تجربے کو پیراشوٹ کے مکمل طریقۂ کار کا جائزہ لینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا جو اصل انسانی خلائی

پرواز کے مشن کے دوران دوبارہ داخل ہونے اور نیچے اترنے کے دوران عملے کے ماڈیول کو مستحکم کرے گا اور رفتار میں کمی لاسکے گا۔اس میں دو ڈروگ پیراشوٹ شامل تھے جو مخروطی یا روشن دان کی شکل کے آلات ہیں اور ابتدائی طور پر رفتار کم کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے بعد پائلٹ شوٹس اور تین بڑے مرکزی پیراشوٹ کھلتے ہیں تاکہ محفوظ لینڈنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔x

## DRDO IADWS

دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک مربوط فضائی دفاعی اسلحہ نظام کی کُل پہلی کامیاب آزمائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے DRDO، بھارتی مسلح افواج اور متعلقہ صنعت کو مربوط فضائی دفاعی اسلحہ نظام کامیابی کے ساتھ تیار کرنے کیلئے مبارکباد پیش کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اِس منفرد تجربے سے ملک کی کثیر رخی فضائی دفاعی صلاحیت قائم ہوگئی ہے اور اِس سے دشمن کے فضائی خطرات کے خلاف اہم سہولیات کیلئے دفاعی نظام کو اور مضبوط بنایا جاسکے گا۔ x

## Gaganyatri Rajnath

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اپنے پہلے انسان بردار خلائی مشن گگن یان کیلئے پوری طرح تیار ہے اور یہ صرف ایک تکنیکی کامیابی نہیں بلکہ خودکفیل بھارت کے سفر میں ایک نیا باب ہے۔ وزیرِ دفاع نے گگن یان مشن کیلئے جانے والے خلاء بازوں کی عزت افزائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اِس مشن کیلئے گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا، پرسَنت بالا کرشنن نائر، اَجیت کرشنن اور اَنگد پرتاپ کا انتخاب کیا گیا ہے۔

S/B: New Rajnath India in Space-27 sec

اس موقع پر بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا، جنہوں نے حال ہی میں تاریخ رقم کرتے ہوئے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی ہونے کا اعزاز حاصل کیا، نے اپنے خلائی سفر پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فضائی فوج میں انہوں نے جو تربیت حاصل کی تھی، اُس سے انہیں اعتماد کے ساتھ چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہونے میں مدد ملی۔

S/B: Shubhanshu Shukla- 20 Secs

## Space X Test Flight

اسپیس ایکس کا آج رات اپنے طاقتور اسٹار شپ راکٹ کی آزمائشی پرواز کو لانچ کرنے کا منصوبہ ہے، جو تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہے گی۔ لانچ سے 30منٹ پہلے ایک لائیو ویب کاسٹ شروع ہونے کی توقع ہے، تاہم لانچ کے وقت میں تبدیلی بھی ہوسکتی ہے۔ سال 2025 کی یہ چوتھی اسٹار شپ پرواز ہوگی۔ پچھلے تینوں آزمائشی پرواز ناکام رہی تھی، تاہم اسپیس ایکس کو امید ہے کہ اس بار ضرور کامیابی ملے گی۔ مئی میں ہونے والی پچھلی پرواز کے بعد راکٹ کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ انجینئروں نے اِس کا ایک پرزہ درست کیا ہے جسے فیول ڈفیوزر کہا جاتا

ہے، جو ممکنہ طور پر nose cone میں دباؤ کے مسئلے کا باعث بن رہا تھا۔ بغیر پائلٹ کا یہ راکٹ پہلے کی طرح کا ہی راستہ اختیار کرے گا اور ان کاموں کو مکمل کرنے کی کوشش کرے گا جو پچھلے مشنز میں ادھورے رہ گئے تھے۔x

## PM Sardardham

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کا راستہ، ایک خودکفیل بھارت کی تعمیر سے منسلک ہے۔ احمدآباد میں سردار دھام فیز–II گرلز ہوسٹل کے افتتاحی پروگرام سے ورچوئل طریقے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب دنیا غیریقینی کی صورتحال سے دوچار ہے، بھارت کے پاس صحیح معنوں میں خودکفیل بننے کا ایک بڑا موقع ہے۔ انھوں نے نوجوان لڑکے، لڑکیوں سے کہا کہ وہ آئندہ کی نسلوں کی ایک بہتر مستقبل کیلئے بھارت میں تیار مصنوعات کو اپنائیں۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر اعلیٰ کے طور پر گجرات کی ترقی کی مضبوط بنیاد رکھی اور وزیر اعظم کے طور پر وہ گجرات کو ایک عالمی گیٹ وے میں تبدیل کردیا ہے۔x

## PM Gujarat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل سے گجرات کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے پہلے دن جناب مودی احمدآباد میں پانچ ہزار چار سو کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ دوسرے دن وزیر اعظم احمدآباد کےHansalpur میں ہائی برڈ بیٹری Electrodes کی مقامی طور پر تیاری کا افتتاح کریں گے اور 100ملکوں کو بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی برآمدات کی شروعات کریں گے۔x

## Delhi Speakers Conference

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ جمہوریت اُس وقت ترقی کرتی ہے جب قانون ساز دانائی، غور وخوض اور قانونی سازی کے بنیادی منتر کی پاسداری کرتے ہیں۔ دلّی اسمبلی میں دو روزہ آل انڈیا اسپیکرس کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ جمہوریت اُس وقت اپنی اونچی سطح پر پہنچ سکتی ہے جب عوام انفرادی مفادات سے اوپر اٹھ کر قومی مفادات کو ترجیح دیں گے۔ انھوں نے کہا کہ ایوان میں جب مباحثے کو روکا جاتا ہے تو ملک کی ترقی میں قانون ساز کا رول نہایت ہی کمزور ہوجاتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ اور اسمبلیاں معنی خیز مباحثوں کے بغیر صرف ایک عمارت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ بھارت میں اسپیکر کو ایک ادارے کی حیثیت حاصل ہے۔انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایوان میں سب سے اہم رول اسپیکر کا ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک سیاسی پارٹی سے منتخب ہوتے ہیں لیکن عہدہ سنبھالنے کے بعد اُنھیں ایک غیرجانبدار امپائر کا رول ادا کرنا ہوتا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک کے قانون ساز اسمبلیوں اور لوک سبھا کے اسپیکروں نے ایوان کے وقار کو بڑھانے کیلئے لگاتار کام کیا ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ اسپیکر کا وقار غیرجانبداری اور انصاف کے دو اہم ستونوں پر مبنی ہے۔

S/B Amit Shah

اس موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ نے دلّی آسمبلی کے احاطے میں Vitthalbhai Patel کی زندگی پر ایک نمائش میں شرکت کی۔x

## Punjab Pralhad Joshi

صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظام تقسیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ پنجاب کے ایک کروڑ 41لاکھ مستفیدین کو مفت اناج ملتا رہے گا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے 2013 کے قومی خوراک سکیورٹی ایکٹ کے تحت مستفیدین کی تعداد میں کوئی بھی کمی نہیں کی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر موصوف پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان کے کل کے اُن الزامات کا جواب دے رہے تھے کہ مرکزی سرکار پنجاب کے 55 لاکھ غریب باشندوں کو مفت اناج دینا بند کر رہی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ پنجاب سرکار کے الزامات بے بنیاد اور غلط ہیں۔

S/B Prahlad Joshi

## Rajnath Jammu Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ کے ہمراہ گورنمنٹ میڈیکل کالج GMC، جموں کا دورہ کیا تا کہ Chisoti حادثے کے زخمیوں سے ملاقات کر سکیں اور انہیں فراہم کی جا رہی طبی سہولتوں کا جائزہ لے سکیں۔

آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ڈاکٹروں کی ٹیم نے جناب راج ناتھ سنگھ کو زخمیوں کو فراہم کردہ مناسب اور خصوصی علاج اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے مربوط حکمت عملی کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ فی الحال گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں 16افراد زیر علاج ہیں اور سینئر طبی عملہ ان کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے۔

جناب راجناتھ سنگھ نے مریضوں سے بھی بات چیت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے انتظامیہ کی اس عزم کو دہرایا کہ وہ 32افراد کو ضرور تلاش کریں گے جو اب بھی لاپتہ ہیں۔ لاپتہ افراد کے لیے تلاش اور بچاؤ کی کارروائی جنگی پیمانے پر جاری ہے۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے بھی Chisoti کے لوگوں کے ساتھ ورچوئل وسیلے سے بات چیت کی۔ x

## FPIs

غیرملکی سرمایہ کاروں نے اِس مہینے اب تک بھارتی قرض بازاروں میں 6ہزار 207 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ البتہ ڈیپوزیٹوریز اعداد وشمار کے مطابق غیر ملکی فورٹ فولیو سرمایہ کاروں نے 22اگست کو ختم ہونے والے پچھلے ہفتے تک بھارتی اکویٹی بازاروں سے 22ہزار 40 کروڑ روپئے نکالے بھی ہیں۔x

### PIB Train Ticket

حکومت نے ان افواہوں کی تردید کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مسافروں کو ٹرین کا ٹکٹ اب دستیاب نہیں کرایا جائے گا۔ پریس انفارمیشن بیورو PIB کے حقائق کی جانچ کرنے والی یونٹ نے جانچ پڑتال کے بعد واضح کیا ہے کہ اِس طرح کا کوئی بھی حکم نامہ، وزارت ریلوے کی جانب سے جاری نہیں کیا گیا ہے اور سوشل میڈیا پر گردش کر رہی خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ ٹرین ٹکٹ ریلوے اسٹیشن کے کاؤنٹر اور اس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ x

### Bihar Ravi Shankar Prasad

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور قومی ترجمان روی شنکر پرساد نے آج الزام لگایا ہے کہ اپوزیشن رہنما بھارت کے انتخابی کمیشن جیسے آئینی اداروں پر یقین نہیں رکھتے، اسی لئے وہ انتخابی فہرست کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کی مخالفت کر رہے ہیں۔ پٹنہ میں BJP دفتر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران جناب پرساد نے کہا کہ انتخابی فہرست کا ڈرافٹ یکم اگست کو شائع ہوا تھا لیکن اب تک حاصل شدہ دعوؤں اور اعتراضات SIR کے خلاف اُن کے دعوؤں سے مطابقت نہیں رکھتے۔x

### EC Bihar

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار کے انتخابی فہرست کے مسودے میں دعوؤں اور اعتراضات کیلئے اب تک 98فیصد سے زیادہ ووٹروں کے دستاویز موصول ہوئے ہیں۔ ایک بیان میں انتخابی کمیشن نے کہا کہ دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کیلئے لوگوں کے پاس اب بھی 8دن ہیں۔کمیشن نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا ہے کہ دعوے اور اعتراضات کی مدت ووٹروں کو نہ صرف غلطیاں ٹھیک کرنے کی اجازت دیتی ہے بلکہ اُنھیں ضروری دستاویز جمع کرنے کا بھی موقع ملتا ہے، جو وہ پہلے نہیں جمع کرا سکے تھے۔x

### IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے ملک کے شمال مغربی حصوں میں اگلے دو دنوں کیلئے تیز سے بہت تیز بارش کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اسی دوران، دلّی NCR میں آج دن بھر موسم میں اچانک تبدیلی نظر آئی۔ قومی راجدھانی کے مختلف علاقوں میں بادل چھائے رہے اور اوسط درجے کی بارش ہوئی۔x

### J&K Rain

جموں و کشمیر میں جموں ڈویژن کے بیشتر علاقے موسلا دھار بارش سے متاثر ہوئے ہیں، جس کے نتیجے میں متعدد نشیبی علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور جموں–پٹھان کوٹ قومی شاہراہ پر ایک پُل کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں میں گزشتہ چوبیس گھنٹے میں 190اعشاریہ 4ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے جو موجودہ صدی میں اس مہینے کی دوسری سب سے زیادہ بارش ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ آبی ذخائر اور ان علاقوں سے دور رہیں جہاں مٹی کے تودے کھسکنے کا اندیشہ ہے۔اس دوران محکمۂ موسمیات نے 27اگست تک پہاڑی علاقوں میں بادل پھٹنے، اچانک سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے امکان کے ساتھ اوسط سے تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Sports Shooting

بھارتی نشانے باز ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے قزاخستان کے Shymkent میں سولھویں ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں پچاس میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انھوں نے 462اعشاریہ پانچ پوائنٹ حاصل کرکے پہلا مقام حاصل کیا۔چین کے Wenyu Zhao چار سو 62پوائنٹ کے ساتھ دوسرے اور جاپان کے Naoya Okada چار سو 45اعشاریہ آٹھ پوائنٹ کے ساتھ تیسرے مقام پر رہے۔ اس سے پہلے، ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر، چین سنگھ اور اکھِل Sheoran پر مشتمل بھارت کی مردوں کی ٹیم نے پچاس میٹر رائفل تھری پوزیشن ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆